

# تارکین وطن کے لیے کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کی ایک گائیڈ

***Mid-State Region***

***2019***

**Urdu**

# فہرست مشمولات


نیو یارک اسٹیٹ محکمۂ تعلیم کے دفتر برائے دو لسانی تعلیم اور عالمی لسانیات کی جانب سے ایک پیغام ..... 4

ترک وطن سے متعلق حالیہ کارروائیوں کی بابت رہنمائی ..... 6

اس گائیڈ کو استعمال کرنے کا طریقہ ..... 8

تنظیم کی ڈائریکٹری ..... 9

1. American Civic Association (Binghamton, NY) ..... 9
2. Broome-Tioga Workforce New York (Binghamton, NY) ..... 9
3. Catholic Charities of Onondaga County (Syracuse, NY) ..... 9
4. Catholic Charities of Tompkins/Tioga – Immigrant Services Program (Ithaca, NY) ..... 9
5. Contact Community Services (East Syracuse, NY) ..... 10
6. The Family and Children's Society (Binghamton, NY) ..... 10
7. Hopeprint, Inc. (Syracuse, NY) ..... 10
8. Immigrant Refugee Youth Association of Onondaga County (Syracuse, NY) ..... 10
9. Interfaith Works of Central New York (Syracuse, NY) ..... 10
10. Legal Services of Central New York (Broome, Cayuga, Chenango, Cortland, Delaware, Herkimer, Jefferson, Lewis, Madison, Oneida, Onondaga, Otsego, and Oswego, NY) ..... 11
11. Literacy Central New York (Syracuse, NY) ..... 11
12. Migrant Education Tutorial and Support Services Program (Cortland, NY) ..... 11
13. Mohawk Valley Latino Association (Utica, NY) ..... 11
14. Mohawk Valley Resource Center for Refugees (Utica, NY) ..... 11
15. New American Women's Empowerment (Syracuse, NY) ..... 12
16. The Newland Center for Adult Learning and Literacy (Syracuse, NY) ..... 12
17. North Side Learning Center (Syracuse, NY) ..... 12
18. Partners in Learning (Syracuse, NY) ..... 12
19. Refugee & Immigrant Self-Empowerment (Syracuse, NY) ..... 12
20. Refugee Assistance Program (Syracuse, NY) ..... 13
21. Rescue Mission of Utica (Utica, NY) ..... 13
22. Tompkins County Immigrant Rights Coalition (Ithaca, NY) ..... 13
23. Toomey Residential and Community Services (Syracuse, NY) ..... 13
24. Volunteer Lawyers Project of Onondaga County (Syracuse, NY) ..... 13
25. Workers' Center of Central New York (Syracuse, NY) ..... 14

ریاست پیما وسائل ..... 15

ریاست پیما کمیونٹی پر مبنی تنظیمیں ..... 16

اعترافات ..... 18

تارکین وطن کے لیے کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کی گائیڈ عوامی وسیلہ بنانے کے ارادے سے ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ محکمۂ تعلیم (New York State Education Department, NYSED) درج فہرست تنظیموں میں سے کسی کی بھی خدمات کے معیار کو کنٹرول نہیں کرتا ہے یا وہ اس کی ضمانت نہیں دیتا ہے، نہ ہی کسی تنظیم کے کسی حوالے سے NYSED پر اس تنظیم یا اس کی خدمات لازم آتی ہیں یا اس میں ان کی کوئی تائید مضمر ہے۔

* تنظیم مذہبی وابستگی سے قطع نظر، سب کو خدمات پیش کرتی ہے۔

# نیو یارک اسٹیٹ محکمۂ تعلیم کے دفتر برائے دو لسانی تعلیم اور عالمی لسانیات کی جانب سے ایک پیغام

والدین، سرپرستوں اور والدینی رشتے میں شامل دیگر افراد کی ایک باخبر، بااختیار کمیونٹی یہ یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ کثیر لسانی متعلمین/انگریزی زبان کےمتعلمین [Multilingual Learners/ English Language Learners (MLLs/ELLs)] کا اچھی طرح تعاون کیا جاتا ہے اور پھلتے پھولتے ہیں۔ نیو یارک اسٹیٹ محکمۂ تعلیم کے دفتر برائے دو لسانی تعلیم اور عالمی لسانیات [Office of Bilingual Education and World Languages (OBEWL)] نے ***تارکین وطن کے لیے کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کی ایک گائیڈ*** تیار کی ہے جو پورے نیو یارک اسٹیٹ کی تنظیموں کی فہرست فراہم کرتی ہے۔ ہر تنظیم کئی طرح کی خدمات پیش کرتی ہے۔ ان میں سے کچھ خدمات میں وکالت اور کمیونٹی میں مشغولیت، نگہداشت صحت اور بیمہ، رہائش، مزدوری اور ملازمت، قانونی خدمات اور قانونی حیثیت، عوامی اعانت، تحفظ اور نو عمر افراد اور تعلیم شامل ہیں، جو والدین اور کمیونٹیز کے لیے مفید ہو سکتی ہیں۔

OBEWL پورے نیو یارک اسٹیٹ میں MLLs/ELLs اور ان کے اہل خانہ کا تعاون کے لیے پابند عہد ہے۔ MLLs/ELLs اور سابق MLLs/ELLs کے والدین کو اعانت درکار ہونے پر انہیں ان تنظیموں سے رابطہ کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ اہل خانہ کی ضرورت میں تعاون کیے جانے پر، بچوں کے پاس علمی کامیابی حاصل کرنے اور کالج اور کیریئر کے لیے آمادہ ہونے کے واسطے تیار کرنے لائق ایک اساس ہوتی ہے۔

OBEWL نے MLLs/ELLs کے والدین کے لیے بہت سارے ایسے وسائل بھی تیار کیے ہیں جو آپ کو مفید معلوم ہو سکتے ہیں:

- ***کثیر لسانی متعلم/انگریزی زبان کے متعلم کے والدین کے لیے وسائل***- یہاں پر، آپ کو MLLs کے بطور بچوں کی نشاندہی کیے جانے کے طریقے، MLLs/ELLs کے لیے دستیاب پروگراموں کی قسموں، طلبہ کب MLL/ELL پروگراموں اور خدمات سے خارج ہو سکتے ہیں، اور والدین مقامی اسکولوں سے اضافی معلومات، مواد اور وسائل کس طرح حاصل کر سکتے ہیں اس بارے میں معلومات ملیں گی۔ http://www.nysed.gov/bilingual-ed/english-language-learnermultilingual-learner-parent-resources
- ***نیو یارک اسٹیٹ میں کثیر لسانی متعلمین/انگریزی زبان کے متعلمین کے والدین کے لیے گائیڈ***- یہ دس صفحے کا ایک کتابچہ ہے جو دو لسانی تعلیم اور انگریزی بحیثیت نئی زبان (English as a New Language) کے پروگرام کی وضاحتوں، MLLs/ELLs کے بارے میں اکثر پوچھے گئے سوالات، دو لسانیت اور دو لسانی تعلیم کے بارے میں حقائق، MLL/ELL کے والدین کے لیے وسائل کے لنکس، اور "اپنے بچے کی تعلیم میں شرکت کرنے" (Participating in Your Child's Education) سے متعلق تجاویز پر مشتمل ہے۔ NYS میں MLL/ELL کی سر فہرست دس گھریلو زبانوں سمیت، پچیس زبانوں میں اس کتابچے کا ترجمہ کیا گیا ہے۔ http://www.nysed.gov/bilingual-ed/guide-parents-english-language-learnersmultilingual-learners-new-york-state
- ***والدین کے حقوق کا مسودہ قانون***- یہ دستاویز MLLs/ELLs اور ان کے والدین کے لیے تعلیمی رسائی اور پروگرام سازی سے متعلق اہم حقوق کا خلاصہ بیان کرتی ہے۔ ان کلیدی حقوق کا خلاصہ حوالے کے لحاظ سے آسان ایک صفحہ کے فارمیٹ میں بیان کیا گیا ہے اور ان کا ترجمہ ستائیس زبانوں میں کیا گیا ہے۔ http://www.nysed.gov/bilingual-ed/parents-bill-rights-new-york-states-english-language-learnersmultilingual-learners-ell
- ***کثیر لسانی متعلمین/انگریزی زبان کے متعلمین کے والدین کے لیے ہاٹ لائن***- یہ ہاٹ لائن والدین، سرپرستوں اور MLLs/ELLs کے والدینی رشتے میں شامل دیگر افراد کو کمشنر کے ضابطہ 154 کے مطابق ان کے بچوں کے لیے ان کے حقوق اور خدمات کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے لیے تیار کی گئی تھی۔ یہ ان خدمات کی فراہمی کے بارے میں مخصوص استفسارات کا جواب دینے کے لیے ایک میکانزم بھی فراہم کرتی ہے۔ **فون نمبر:** (800) 469-8224 https://steinhardt.nyu.edu/metrocenter/ellparenthotline

- ***NYSITELL* اور *NYSESLAT* کے والدین کے لیے گائیڈز**- یہ گائیڈز دو ایسی تشخیصات کی وضاحت فراہم کرتی ہیں جو ان طلبہ کی انگریزی زبان کی سطح/مہارت کی تشخیص کرتی ہیں جن کی گھریلو یا ابتدائی زبان انگریزی کے علاوہ ہے۔ ان گائیڈز کا ترجمہ بائیس زبانوں میں کیا گیا ہے۔
http://www.nysed.gov/bilingual-ed/nysitell-and-nyseslat-parent-guides
- ***والدین کے لیے تعارفی ویڈیو: نیو یارک اسٹیٹ میں کثیر لسانی متعلم/انگریزی زبان کے متعلم کے لیے پروگرامز، 10 زبانوں میں دستیاب ہیں***- یہ وہائٹ بورڈ انیمیشن ویڈیو، MLL/ELL کی شناخت اور تشخیص کی کارروائی کو بیان کرتی ہے اور دستیاب پروگرام کے متعدد اختیارات کو تفصیل سے بتاتی ہے۔ یہ انگریزی بحیثیت نئی زبان اور متعدد دو لسانی تعلیمی پروگرام کے ماڈلز کے بیچ فرق کو بھی بتاتی ہے۔
http://www.nysed.gov/bilingual-ed/parent-orientation-video-english-language-learner-ell-programs-new-york-state
ویڈیو کے بیانیہ کا متن، 9 اضافی زبانوں میں بھی دستیاب ہے
http://www.nysed.gov/bilingual-ed/parent-orientation-video-english-language-learner-ell-programs-new-york-state
- ***کثیر لسانی متعلمین/انگریزی زبان کے متعلمین کے لیے کالج کا لائحۂ عمل***- نیو یارک اسٹیٹ میں کثیر لسانی متعلمین/انگریزی زبان کے متعلمین کے لیے کالج تک رسائی کی گائیڈ۔
http://www.nysed.gov/bilingual-ed/roadmap-college
- اس کے علاوہ، نیو یارک اسٹیٹ محکمۂ تعلیم کے ہر دفتر نے والدین کا تعاون کرنے کے لیے متعدد وسائل تیار کیے ہیں۔ محکمہ کے تمام دفاتر میں موجود فہرست تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں:
http://www.nysed.gov/about/program-offices

# ترک وطن سے متعلق حالیہ کارروائیوں کی بابت رہنمائی

**نیو یارک اسٹیٹ محکمۂ تعلیم (NYSED) یہ یقینی بنانے کا پابند عہد ہے کہ ہمارے اسکول محفوظ جنت بنے رہتے ہیں جہاں تمام طلبہ علم حاصل کر سکتے ہیں۔ NYSED نے، نیو یارک اسٹیٹ کے دفتر اٹارنی جنرل کے ساتھ مل کر تارک وطن طلبہ کا تحفظ کرنے والی درج ذیل رہنمائی لاگو کی ہے۔**

*ترک وطن کی حیثیت کے سلسلے میں معلومات:*

- نیو یارک اسٹیٹ کے تعلیمی قانون (Education Law) کے مطابق، پانچ سال سے زائد اور اکیس سال سے کم عمر کے جن بچوں نے ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل نہیں کیا ہے وہ جس ضلع میں رہتے ہیں وہاں کے اسکولی ضلع میں واقع سرکاری اسکولوں میں شہریت اور ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر ٹیوشن کی ادائیگی کے بغیر تعلیم حاصل کرنے کے مستحق ہیں۔
- در اصل، امریکی عدالت عظمی نے پلائلر بنام ڈوئے (Plyler v. Doe) مقدمے کے اندر یہ فیصلہ صادر کیا تھا کہ اسکولی اضلاع طلبہ کی یا ان کے والدین یا سرپرستوں کی غیر دستاویز بند یا غیر شہری حیثیت کی بنیاد پر انہیں مفت سرکاری تعلیم سے منع نہیں کر سکتے ہیں۔
- رجسٹریشن کے وقت، اسکولوں کو ایسے سوالات نہیں پوچھنے چاہئیں جن سے بچے کی ترک وطن کی حیثیت ظاہر ہو سکے، جیسے سوشل سیکورٹی نمبر طلب کرنا۔
- امریکی امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ [Immigration and Customs Enforcement (ICE)] کی جانب سے استفسارات، بشمول طلبہ سے ملنے یا ان کا انٹرویو کرنے یا طلبہ کے ریکارڈوں تک رسائی حاصل کرنے کی درخواستوں کے سلسلے میں عرض ہے کہ اسکول ڈسٹرکٹ کے ملازمین کو فوراً اپنے سپرنٹنڈنٹس اور اسکول اٹارنی سے رجوع کرکے یہ تعین کرنا چاہیے کہ آیا اس طرح کی درخواست کو قبول کرنے کی وجہ سے اسکول ڈسٹرکٹ کی جانب سے عمومی اطلاق پذیری کے قانون، بشمول نیو یارک فیملی کورٹ ایکٹ [New York Family Court Act (NYFCA)] اور وفاقی کنبہ جاتی تعلیمی حقوق اور رازداری ایکٹ [Family Educational Rights and Privacy Act (FERPA)] کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے۔

*اسکولوں میں امتیازی سلوک، ہراسانی اور ایذا رسانی کے سلسلے میں معلومات:*

- نیو یارک کے تمام طلبہ کے وقار سے متعلق ایکٹ (DASA) پر 2012 میں دستخط ہوئے تھے تاکہ طلبہ کو اسکولی املاک میں، اسکولی بس پر اور/یا اسکول کے فنکشن میں ایک محفوظ اور امتیازی سلوک، ہراسانی اور دھونس سے پاک معاون ماحول فراہم کرایا جائے، اور 2013 میں اس میں ترمیم کرکے سائبر ایذا رسانی کو شامل کیا گیا تھا۔
- NYSED ان ڈسٹرکٹس، والدین، اور سرپرستوں کو تعاون فراہم کرتا ہے جنہیں DASA کے سلسلے میں سوالات درپیش ہوں۔ محکمہ سے اس پتے پر رابطہ کیا جا سکتا ہے:
  - دفتر برائے دو لسانی تعلیم اور عالمی لسانیات [Office of Bilingual Education and World Languages (OBEWL)] سے (718) 722-2445 یا obewl@nysed.gov پر۔
  - دفتر برائے طالبانہ تعاون کی خدمات [Office of Student Support Services (SSS)] سے (518) 486-6090 یا studentsupportservices@nysed.gov پر۔
  - لسانی اعانت کے لیے، ریجنل بائی لینگوئل ایجوکیشن ریسورس نیٹ ورک [Regional Bilingual Education Resource Network (RBERN)] کی پیرنٹ ہاٹ لائن سے (800) 469-8224 یا nysparenthotline@nyu.edu پر رابطہ کریں۔
- ان مواصلات اور ترجموں کی باضابطہ کاپی کے لیے، براہ کرم: http://www.nysed.gov/bilingual-ed/information-regarding-recent-immigration-related-actions دیکھیں۔

*نیو یارک کے گورنر کے دفتر کی جانب سے رہنمائی:*

- گورنر اینڈریو ایم کیومو (Andrew M. Cuomo) کے دستخط کردہ ایگزیکیٹو آرڈر 170 کے مطابق، نیو یارک اسٹیٹ کی ایجنسیوں اور افسران کو کسی فرد کے ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں استفسار کرنے یا اس کا افشاء کرنے سے ممنوع قرار دیا گیا ہے الّا یہ کہ قانون کا تقاضا ہو یا کسی مراعات یا خدمت کے لیے اہلیت کا تعین کرنے کے لیے لازمی ہو۔ اس میں لاء انفورسمنٹ کے افسران شامل ہیں الّا یہ کہ وہ مجرمانہ سرگرمی کی چھان بین کر رہے ہوں۔ ایگزیکیٹو آرڈر تک رسائی یہاں حاصل کریں: https://www.governor.ny.gov/news/governor-cuomo-signs-executive-order-prohibiting-state-agencies-inquiring-about-immigration۔
- نیو یارک اسٹیٹ کے گورنر کے دفتر نے تارکین وطن کے لیے اپنے تعاون کی دوبارہ توثیق کی ہے اور نفرت کے امکانی جرائم کی تفتیش کے لیے نئی اسٹیٹ پولیس ہیٹ کرائمز یونٹ (State Police Hate Crimes Unit) مقرر کرنے، ریاستی پیمانے پر تمام طلبہ کے تحفظ کے لیے نیو یارک کے انسانی حقوق کے قانون کی توسیع کرنے، آفس آف نیو امریکنز (Office of New Americans) اور امیگرنٹ لیگل ڈیفنس فنڈ (Immigrant Legal

Defense Fund) تشکیل دینے جیسی پیشقدمیوں کا اعلان کیا ہے تاکہ تمام تارکین وطن کے لیے معلومات اور نمائندگی تک رسائی حاصل ہونا یقینی بنایا جائے۔ گورنر کی معلومات تک رسائی یہاں حاصل کریں: https://www.ny.gov/programs/we-are-all-immigrants ۔

# اس گائیڈ کو استعمال کرنے کا طریقہ

**نیو یارک اسٹیٹ محکمۂ تعلیم کو اس بات کا پختہ یقین ہے کہ بچےکی تعلیم صرف کلاس روم میں ہی نہیں بلکہ ان کے گھروں اور کمیونٹیز میں بھی ہوتی ہے۔ یہ ڈائریکٹری مڈ اسٹیٹ ریجن میں موجود کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کی فہرست فراہم کرتی ہے جو نیو یارک کے تارک وطن باشندوں کے لیے کارآمد ثابت ہو سکنے والی متعدد خدمات فراہم کرتی ہیں۔**

- ڈائریکٹری میں تنظیم کا نام، مقام، رابطے کی معلومات، پیش کردہ خدمات کی ایک مختصر وضاحت اور وہ زبانیں درج ہیں جن میں یہ خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔
- تنظیموں کو حروف تہجی کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے۔
- درج فہرست زیادہ تر خدمات مفت ہیں۔ تاہم، کچھ مفت نہیں ہیں۔ آپ کو تنظیم کی خدمات استعمال کرنے سے پہلے ہمیشہ ان سے لاگت کی تصدیق کر لینی چاہیے۔
- پروگراموں کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے، صلاح دی جاتی ہے کہ آپ پیشگی طور پر تنظیم کو کال کریں۔

**ہر تنظیم کے آگے نمایاں کردہ علامات اس کے ذریعہ فراہم کی جانے والی خدمات کو بتاتی ہیں۔**

| | |
|---|---|
| **وکالت اور کمیونٹی میں مشغولیت** | **قانونی خدمات اور قانونی حیثیت** |
| **نگہداشت صحت اور بیمہ** | **عوامی اعانت** |
| **رہائش** | **تحفظ** |
| **مزدوری اور ملازمت** | **نوجوان اور تعلیم** |

# تنظیم کی ڈائریکٹری

**.1 American Civic Association (Binghamton, NY)**

زبانیں: عربی، انگریزی، فرانسیسی، روسی، ہسپانوی

131 Front St., Binghamton, NY 13905

فون: (607) 723-9419

https://www.americancivic.com/

شہریت کی کلاسیں، انگریزی بحیثیت دوسری زبان کی کلاسیں، ملازمتی خدمات، ترک وطن اور قانونی خدمات اور ترجمہ و ترجمانی پیش کرتی ہے۔ ثقافتی ایونٹس اور ثقافتی آؤٹ ریچ پروگرامز بھی منعقد کرتی ہے۔

**.2 Broome-Tioga Workforce New York (Binghamton, NY)**

زبانیں: تمام زبانوں میں ترجمانی کی خدمات فراہم کرتی ہے

171 Front St. Binghamton, NY 13905

فون: (607) 778-2136

http://www.broometiogaworks.com/

نوکری کے متلاشیوں کو ملازمت سے متعلق خدمات اور نوکری کی تلاش اور کیریئر کے فروغ میں اعانت، نیز معلوماتی سیشنز، جاب فیئرز، ریزیوم کے جائزے، اور دیگر وسائل تک رسائی حاصل کرنے میں مدد کرتی ہے۔

**.3 Catholic Charities of Onondaga County (Syracuse, NY)**

زبانیں: انگریزی

1654 W. Onondaga St., Syracuse, NY 13204

فون: (315) 424-1800

https://www.ccoc.us/

پناہ گاہ، مالی امداد، رہائش، نگہداشت صحت کے نظم و نسق، بزرگوں اور ریفیوجی کے لیے خدمات، غذائی اعانت، خاندان اور نوجوانوں کے لیے پروگرامز اور ملازمت کے لیے تربیت کے ضرورتمند افراد کی اعانت کرتی ہے۔

**.4 Catholic Charities of Tompkins/Tioga – Immigrant Services Program (Ithaca, NY)**

زبانیں: انگریزی

324 W. Buffalo St., Ithaca, NY 14850

فون: (607) 272-5062

http://www.catholiccharitiestt.org/

سماجی خدمات نیز مخصوص ریفیوجی اور ترک وطن سے متعلق پروگرام فراہم کرتی ہے جس سے باز آبادکاری، ترک وطن سے متعلق قانونی خدمات، حوالوں، ملازمت کی ترقی، عوامی اعانت کی درخواستوں، نگہداشت صحت اورنگہداشت طفل اور گھریلو تشدد کی روک تھام میں مدد ملتی ہے۔

5. **Contact Community Services (East Syracuse, NY)**
زبانیں: بیشتر زبانوں میں ترجمانی کی خدمات تک رسائی حاصل ہے
6311 Court Street Road, East Syracuse, NY 13057
فون: 251-1400 (315)
http://www.contactsyracuse.org/
ایک تنظیم جو بچوں، نوجوانوں اور بالغوں کی سماجی، جذباتی، رویہ جاتی اور ذہنی صحت میں تعاون کرتی ہے نیز 24 گھنٹے چلنے والی ہاٹ لائن جو مشاورت اور اونانڈیگا، اوسویگو، جیفرسن، لیوائس اور سینٹ لارینس کاؤنٹیز میں انسانی خدمات کی تنظیموں کے نام حوالے فراہم کرتی ہے۔

6. **The Family and Children's Society (Binghamton, NY)**
زبانیں: بیشتر زبانوں میں ترجمانی کی خدمات تک رسائی حاصل ہے
237 Main St., Binghamton, NY 13905
فون: 729-6206 (607)
https://familycs.org/
ذہنی صحت، گھریلو نگہداشت کی خدمات، جنسی بدسلوکی والے برتاؤ، اسکول پر مبنی خدمات اور کیس مینیجمنٹ میں سستی مدد اور مشاورت فراہم کرتی ہے۔

7. **Hopeprint, Inc. (Syracuse, NY)**
زبانیں: انگریزی، حسب ضرورت ترجمانی
P.O. Box 11664, Syracuse, NY 13218
فون: 313-6667 (315)
http://hopeprint.org/
مہمان نوازی، مینٹرشپ، اور کمیونٹی سے میل جول اور مشغولیت کے ذریعہ باز آبادکاری کے بعد ریفیوجیوں کی اعانت کرتی ہے۔ تعلیمی سال اور موسم گرما کے دوران طلبہ کے لیے پروگرامز اور اپنے فیملی مینٹرشپ پروگرام کے ذریعہ جامع تعاون پیش کرتی ہے۔

8. **Immigrant Refugee Youth Association of Onondaga County (Syracuse, NY)**
زبانیں: بھوٹانی، برمی، انگریزی، مائی مائی، نیپالی، صومالی، سواحلی، اور دیگر زبانیں
706 N. Salina St. Ste. 201, Syracuse, NY 13208
فون: 664-6499 (315)
تارکین وطن کی کمیونٹیز میں جاب پلیسمنٹ، انگریزی کی تعلیم، رہائش، ترجمانی کی خدمات اور بہبود سے متعلق میل جول میں ان کی مدد کرتی ہے۔

9. **Interfaith Works of Central New York (Syracuse, NY)**
زبانیں: انگریزی
1010 James St., Syracuse, NY 13203
فون: 449-3552 (315)
https://www.interfaithworkscny.org/
سنٹر فار نیو امریکنز کے اپنے پروگرام کے ذریعہ ریفیوجیوں کے لیے باز آبادکاری اور باز آبادکاری کے بعد کی خدمات پیش کرتی ہے۔ اس میں ہوائی اڈے پر لوگوں کی آمد کے بعد ان سے ملنا اور شروعاتی اپارٹمنٹ کو تلاش اور تیار کرنا، ملازمت اور طبی نگہداشت، لسانی تربیت اور کمیونٹی آؤٹ ریچ شامل ہیں۔

10. **Legal Services of Central New York (Broome, Cayuga, Chenango, Cortland, Delaware, Herkimer, Jefferson, Lewis, Madison, Oneida, Onondaga, Otsego, and Oswego, NY)**

زبانیں: انگریزی؛ دوسری زبانوں میں ترجمانی کی خدمات

فون: 777-6152 (877)

https://www.lscny.org/

بے دخلی کے دفاع میں دیوانی مقدمات، گھر کے حالات، عوامی مراعات، معاشی سیکورٹی، حقوق صارفین، تعلیمی وکالت، کارکنان کے حقوق، لسانی رسائی، ترک وطن، نگہداشت صحت تک رسائی، HIV/AIDS، ذہنی صحت، بے خانگی، معاشی ترقی، اور نسلی انصاف کے امور میں مفت قانونی مدد فراہم کرتی ہے۔

11. **Literacy Central New York (Syracuse, NY)**

زبانیں: انگریزی

100 New St., Syracuse, NY 13202

فون: 471-1300 (315)

https://www.literacycny.org/

فرداً فرداً نجی تدریس کے پروگراموں، انگلش اسپیکنگ پریکٹس کے گروپوں اور چھوٹے گروپ میں کلاس روم کی تدریس کے ذریعہ بالغوں کی خواندگی کا تعاون کرتی ہے۔

12. **Migrant Education Tutorial and Support Services Program (Cortland, NY)**

زبانیں: انگریزی، ہسپانوی

Van Hoesen Hall, Cortland, NY 13045

فون: 753-4706 (607)

http://www2.cortland.edu/community/outreach/migrant-education/

SUNY کورٹلینڈ کے کیمپس میں چلنے والا پروگرام جو متعدد تعلیمی پروگراموں کے ذریعہ تارک وطن بچوں کا تعاون کرتا ہے اور ان کے اسکول ڈسٹرکٹ میں ان کی جانب سے وکالت کرتا ہے۔ نیز اہل خانہ کو مقامی ایجنسی کی خدمات سے مطلع کرتا ہے اور ایک رابطہ کا کام کرتا ہے۔

13. **Mohawk Valley Latino Association (Utica, NY)**

زبانیں: انگریزی، ہسپانوی

309 Genesee St., Utica, NY 13501

فون: 864-8419 (315)

https://www.mvlautica.org/

ترک وطن کے مسائل پر قانونی مشورہ کے لیے حوالے، ملازمتی خدمات میں اعانت، تعلیم، ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات میں اعانت فراہم کرتا ہے۔

14. **Mohawk Valley Resource Center for Refugees (Utica, NY)**

زبانیں: 40 سے زائد زبانوں میں ترجمانی کی خدمات پیش کرتا ہے۔

201 Bleecker St., Utica, NY 13501

فون: 738-1083 (315)

https://www.mvrcr.org/

باز آبادکاری، ترک وطن اور شہریت، ترجمانی اور ترجمہ، ثقافتی لیاقتی ورکشاپس اور وسائل، انگریزی کی کلاسوں، جاب پلیسمنٹ اور کمیونٹی کے دوسرے پروگراموں میں ریفیوجیوں کے لیے خدمات پیش کرتا ہے۔

15. **New American Women's Empowerment (Syracuse, NY)**

زبانیں: عربی، برمی، انگریزی، کسواحلی، نیپالی، صومالی

302 Burt St., Syracuse, NY 13202

فون: 5392-664 (315)

https://www.nawecny.org/

نیویگیشن، ترجمانی، اور ترجمے کی خدمات، انگریزی کی کلاسوں، ملازمت کی تربیتوں، شہریت کے کورسز، نجی تدریس، اسکول کے بعد اور موسم گرما کے پروگراموں اور خود کے بچاؤ کے ذریعہ ریفیوجی خواتین کو با اختیار بنانے کی خواہاں ہے۔

16. **The Newland Center for Adult Learning and Literacy (Syracuse, NY)**

زبانیں: انگریزی

1443 East Genesee St., Syracuse, NY 13210

فون: 1446-471 (315)

https://www.thenewlandcenter.org/

مطالعہ، کالج میں داخلہ، GED، مالیاتی خواندگی، تحریر، ریزیوم کے جائزوں، کمپیوٹر کی مہارتوں اور انگریزی کی کلاسوں میں مفت رضاکارانہ نجی تدریس پیش کرتی ہے۔

17. **North Side Learning Center (Syracuse, NY)**

زبانیں: عربی، برمی، انگریزی، صومالی، سواحلی

501 Park St., Syracuse, NY 13203

فون: 4825-378 (315)

http://northsidelearning.org/

نجی تدریس کے ساتھ ساتھ ہنرمندی کی کلاسوں جیسے سلائی، ڈیجیٹل اور مالیاتی خواندگی، کالج کی تیاری، ساکر اور فوٹو گرافی کے ذریعہ تمام عمر اور پس منظر کے طلبہ کے لیے بالغ اور نوجوان افراد کو خواندگی سے متعلق ترقی پیش کرتا ہے۔

18. **Partners in Learning (Syracuse, NY)**

زبانیں: انگریزی، ہسپانوی

2363 James St. Suite 105, Syracuse, NY 13206

فون: 3011-667 (315)

http://www.partnerscny.org/

سیراکس اور اونانڈیگا کاؤنٹی میں متنوع ثقافتوں اور زبانوں والے خاندانوں کے لیے تعلیم اور ملازمتی خدمات پیش کرتی ہے۔ ان میں انگریزی اور ہسپانوی میں خواندگی اور لسانی مہارتیں، کمپیوٹر خواندگی اور نوکری میں ترقی، مخلوط ثقافتی میل جول اور بین نسلی آموزش شامل ہیں۔

19. **Refugee & Immigrant Self-Empowerment (Syracuse, NY)**

زبانیں: عربی، بھوٹانی، انگریزی، فرانسیسی، اطالوی، لنگالا، مائی مائی، نیپالی، صومالی، سواحلی

302 Burt St., Syracuse, NY 13202

فون: 4480-214 (315)

http://www.syracuserise.org/

کیس مینیجمنٹ، ملازمت، ترک وطن، انفرادی ترقی والے اکاؤنٹس، ترجمانی، پرورش، خواندگی، اور اسکول کے بعد کی سرگرمیوں اور آرٹس پروگراموں میں ریفیوجیوں کے لیے پروگرامز پیش کرتی ہے۔

**Refugee Assistance Program (Syracuse, NY) .20**

زبانیں: انگریزی، فرانسیسی، نیپالی، روسی، صومالی، ہسپانوی

1728 South Ave., Syracuse, NY 13207

فون: 435-5801 (315)

http://www.syracusecityschools.com/districtpage.cfm?pageid=4295

سیراکس سٹی اسکول ڈسٹرکٹ (Syracuse City School District) کے ذریعے چلنے والا ایک پروگرام جو تعلیم اور ملازمت میں ریفیوجیوں کی مدد کرتا ہے۔ انگریزی کی کلاسیں، کیریئر میں مشاورت، ملازمت کے لیے تربیت اور خدمات اور دیگر امدادی خدمات پیش کرتا ہے۔

**Rescue Mission of Utica (Utica, NY) .21**

زبانیں: انگریزی

293 Genesee St., Utica, NY 13501

فون: 735-1645 (315)

http://uticamission.org/

موہاک ویلی میں عقیدے پر مبنی ایک غیر منفعتی تنظیم جو بے خانگی، بیجا استعمال، لت اور معذوریوں پر قابو پانے میں لوگوں کی خدمت انجام دیتی ہے۔ ایک ایڈکشن اسٹبلائزیشن سنٹر ((addiction stabilization center، کمیونٹی سروس پروگرام، مردوں کے لیے ہنگامی پناہ گاہ، فوڈ سروس، آموزشی مرکز، نوکری کے لیے تربیت اور رہائش جیسے پروگرام پیش کرتی ہے۔

**Tompkins County Immigrant Rights Coalition (Ithaca, NY) .22**

زبانیں: چینی، انگریزی، ہسپانوی، تھائی

فون: 277-8699 (607)

http://www.tcimmigrants.com/

تارک وطن کے حقوق کے لیے ایک وکالتی اور تنظیمی گروپ جو کمیونٹیز کو معلومات، وسائل اور قیادتی تربیت بھی فراہم کرتا ہے۔

**Toomey Residential and Community Services (Syracuse, NY) .23**

زبانیں: انگریزی

1654 W. Onondaga St., Syracuse, NY 13204

فون: 424-1845 (315)

http://www.toomeyresidential.org/

ذہانت/نشوونما سے متعلق معذوریوں میں مبتلا بچوں اور بالغوں، ذہنی صحت کے مسائل کا سامنا کر رہے بچوں، گھر پر نہ رہ پانے والے بچوں اور ہمراہی کے بغیر ریفیوجی نابالغ بچوں کو صحت اور نگہداشت کی خدمات اور پروگرامز فراہم کرتی ہے۔ کلینک والی خدمات بھی پیش کرتی ہے۔

**Volunteer Lawyers Project of Onondaga County (Syracuse, NY) .24**

زبانیں: انگریزی، ہسپانوی؛ کئی ایک زبانوں میں ترجمان بھی ہیں

221 S. Warren St. Suite 200, Syracuse, NY 13202

فون: 471-3409 (315)

https://www.onvlp.org/

رضاکار اٹارنیز اور قانون کے طلبہ کے ذریعے کم آمدنی والے لوگوں کو دیوانی قانونی امور میں مفت قانونی معلومات، اعانت اور نمائندگی فراہم کرتی ہے۔

### 25. Workers’ Center of Central New York (Syracuse, NY)

زبانیں: انگریزی، ہسپانوی

2013 E. Genesee St., Syracuse, NY 13210

فون: (315) 218-5708

https://workerscny.org/en/home/

کم اجرت والے کارکنان کے حقوق کی ایک تنظیم جو فریم ورکر کو منظم کرنے، اجرت میں ہونے والی چوری، جائے کار میں صحت و سلامتی، ترک وطن میں اصلاح اور گرین لائٹ مہم (ڈرائیونگ لائسنسز) پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ سینکچوری اور اپنے حقوق کو جاننے (Know Your Rights) کے بارے میں وسائل اور تربیتیں بھی پیش کرتی ہے۔

# ریاست پیما وسائل

**نیو یارک اسٹیٹ کے تارک وطن کے لیے وسیلے کی گائیڈ**

**https://www.ny.gov/we-are-all-immigrants/new-york-state-immigrant-resource-guide**

نیو یارک اسٹیٹ کے تارک وطن کے لیے وسیلے کی گائیڈ ان ریاستی سرکاری ایجنسیوں کی ایک جامع فہرست پیش کرتی ہے جو لسانی رسائی، جرم اور امتیازی سلوک، قانونی خدمات، صارف کا تحفظ، صحت کی خدمات، مالی اعانت اور کمیونٹی میں شمولیت کے امور میں خدمات فراہم کر سکتی ہیں۔

**2-1-1 نیو یارک (New York 2-1-1)**

**https://211nys.org/**

اپنے فون پر ایک مفت، غیر ہنگامی اطلاعی خدمات کے لیے 211 ڈائل کریں جو آپ کو صحت اور انسانی خدمات سے جوڑتی ہے۔ آپریٹرز بہت ساری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ خدمات کا ان کا ڈیٹابیس بھی آن لائن قابل رسائی ہے۔

**نیو یارک اسٹیٹ کا بورڈز آف کوآپریٹو ایجوکیشنل سروسز [Boards of Cooperative Educational Services (BOCES)]**

BOCES **https://www.boces.org/** "بگ فائیو" (نیو یارک سٹی، بفیلو، روچیسٹر، یانکرز، اورسائراکیوس) کے سوا تقریباً تمام اسکول ڈسٹرکٹس کو مشترک تعلیمی پروگرام اور خدمات فراہم کرتا ہے۔ ان کی بعض خدمات میں ہائی اسکول کے طلبہ کے لیے کیریئر اور تکنیکی پروگرامز، معذور طلبہ کے لیے خدمات، موسم گرما کا اسکول اور بالغوں کے لیے خواندگی اور ملازمتی تربیت کے پروگرام شامل ہیں۔ اپنا مقامی BOCES مندرجہ بالا ویب سائٹ پر تلاش کریں۔

**نیو یارک اسٹیٹ کا شعبہ برائے انسانی حقوق [Division of Human Rights (DHR)]**

**https://dhr.ny.gov/**

DHR نیو یارک کے انسانی حقوق کو نافذ کرتا ہے، جو ملازمت، رہائش، کریڈٹ، عوامی سہولیات کے مقامات، اور غیر مسلکی تعلیمی اداروں میں عمر، نسل، قومی بنیاد، جنس، جنسی رجحان، ازدواجی حیثیت، معذوری، فوجی حیثیت، اور دیگر مخصوص درجوں کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ آپ امتیازی طرز عمل کی شکایات کی رپورٹ DHR کی تفتیش کے لیے ان کی ویب سائٹ پر یا 3644-392 (888) پر کر سکتے ہیں۔

**نیو یارک اسٹیٹ آفس فار نیو امریکنز (Office for New Americans, ONA)**

**https://www.newamericans.ny.gov/**

ONA مضافات پر مبنی 27 اپارچونیٹی سنٹرز (**Opportunity Centers**) چلاتا ہے جو کئی ایک مفت خدمات بشمول قانونی اعانت، دیگر زبانیں بولنے والوں کے لیے انگریزی [English-for-Speakers-of-other-Languages (ESOL)] کی کلاسیں، وطن گیری میں تعاون، کارآموزی سے متعلق تربیتیں اور ریاستی خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ورکشاپ فراہم کرتے ہیں۔ کثیر لسانی نیو یارک اسٹیٹ نیو امریکنز ہاٹ لائن (1-800-566-7636)) 200 سے زائد زبانوں میں مفت اور خفیہ ترک وطن سے متعلق معلومات اور بھروسے مند امداد کے حوالے فراہم کرتی ہے۔

**دفتر برائے دو لسانی تعلیم اور عالمی لسانیات (Office of Bilingual Education and World Languages, OBEWL)**

**http://www.nysed.gov/bilingual-ed**

نیو یارک اسٹیٹ کے محکمۂ تعلیم کا OBEWL انگریزی زبان کے متعلمین/کثیر لسانی متعلمین (ELLs/MLLs) کے لیے رہنمائی اور وسائل فراہم کرتا ہے۔ ان کی ویب سائٹ بالکل تازہ ترین ضوابط اور میمورنڈم نیز والدین کے لیے وسائل اور نیو یارک کے اسکولوں میں ELL/MLL طلبہ کے خاندانوں کے لیے ہاٹ لائن پیش کرتی ہے۔

## ریاست پیما کمیونٹی پر مبنی تنظیمیں

**امریکن امیگریشن لایرزایسوسی ایشن (American Immigration Lawyers Association)– نیو یارک چیپٹر**

[http://www.ailany.org/](http://www.ailany.org/)

امریکن امیگریشن لایرزایسوسی ایشن ان اٹارنیز کی انجمن ہے جو ترک وطن سے متعلق قانون کی پریکٹس کرتے اور پڑھاتے ہیں۔ وہ دسیوں ہزار امریکی کاروباروں اور صنعتوں، غیر ملکی طلبہ، انٹرٹینرز، ایتھلیٹس اور پناہ کے طالبوں کی نمائندگی اکثر بلا معاوضہ بنیاد پر کرتے ہیں۔

**ایشین امریکن فیڈریشن (Asian American Federation)**

[http://www.aafny.org/](http://www.aafny.org/)

ایشین امریکن فیڈریشن شمال مشرق میں کل ایشیائی کمیونٹی کی سروس ایجنسیوں کے نیٹ ورک کی نمائندگی کرتی ہے۔ وہ صحت اور انسانی خدمات، تعلیم، معاشی ترقی، تمدنی شرکت اور سماجی انصاف کے شعبوں میں تحقیق، پالیسی کی وکالت، عوامی بیداری، اور تنظیمی ترقی کے امور میں کام کرتے ہیں۔

**ایمپائر جسٹس سنٹر (Empire Justice Center)**

[https://empirejustice.org/](https://empirejustice.org/)

ایمپائر جسٹس سنٹر ایک ریاست پیما تنظیم ہے جو نیو یارک میں رہنے والے غریب اور حق رائے دہی سے محروم لوگوں کے قانونی حقوق کو مستحکم بنانے کی خواہاں ہے۔ وہ قانونی خدمات میں تربیت، تعاون اور تکنیکی اعانت فراہم کرتے ہیں، افراد کو براہ راست دیوانی قانونی اعانت پیش کرتے ہیں اور پالیسی کے تجزیے، تحقیق اور وکالت میں مشغول ہوتے ہیں۔

**ہسپینک فیڈریشن (Hispanic Federation)**

[https://hispanicfederation.org/](https://hispanicfederation.org/)

ہسپینک فیڈریشن ایک ملکی لاطینو غیر منفعتی رکنیت والی تنظیم ہے جو تعلیم، صحت، ترک وطن، تمدنی شمولیت، معاشی تفویض اختیار اور ماحول کے شعبوں میں کام کرتی ہے۔ وہ اپنے رکن گروپوں کو خدمات فراہم کرتے ہیں نیز لاطینوز کے مفادات کی وکالت کرتے ہیں اور براہ راست سماجی خدمات کے ساتھ کمیونٹی کی اعانت کے پروگرام چلاتے ہیں۔

**امیگرنٹ ڈیفنس پروجیکٹ (Immigrant Defense Project)**

[https://www.immigrantdefenseproject.org/](https://www.immigrantdefenseproject.org/)

امیگرنٹ ڈیفنس پروجیکٹ ریاستہائے متحدہ میں تربیت اور مشورہ، اثردار قانونی چارہ جوئی، وکالت، کمیونٹی میں مشغولیت اور تعلیم اور مواصلات اور پیغام رسانی کے ذریعہ تارکین وطن کے لیے شفافیت اور انصاف کو محفوظ بنانے کا کام کرتا ہے۔ وہ کمیونٹیز اور اٹارنیز کے لیے وسائل اور مفت قانونی مشورے کے لیے ایک ہاٹ لائن فراہم کرتے ہیں۔

**انٹرنیشنل ریفیوجی اسسٹنٹ پروجیکٹ (International Refugee Assistance Project, IRAP)**

[https://refugeerights.org/](https://refugeerights.org/)

انٹرنیشنل ریفیوجی اسسٹنٹ پروجیکٹ بلا معاوضہ براہ راست قانونی امداد، چارہ جوئی اور ریفیوجیوں اور بے خانماں افراد کے لیے وکالت نیز ان افراد کے لیے معلومات اور وسائل فراہم کرتا ہے۔

**نیشنل ایسوسی ایشن فار دی ایڈوانسمنٹ آف کلرڈ پیپل [National Association for the Advancement of Colored People (NAACP)]**

[https://www.nysnaacp.org/](https://www.nysnaacp.org/)

NAACP تمام شہریوں کے لیے سیاسی، تعلیمی، سماجی اور معاشی برابری اور ایک ایسے معاشرے کی وکالت کرتی ہے جس میں تمام افراد کو نسل پر مبنی امتیازی سلوک کے بغیر مساوی حقوق حاصل ہوں۔ وہ تمدنی شمولیت، فوجداری انصاف، تعلیم، صحت اور معاشی استحکام کے شعبوں میں کام کرتے ہیں۔

**نیو یارک سول لبرٹیز یونین (New York Civil Liberties Union, NYCLU)**

[https://www.nyclu.org/](https://www.nyclu.org/)

نیو یارک سول لبرٹیز یونین قانونی چارہ جوئی، وکالت، عوامی تعلیم اور کمیونٹی کی تنظیم کاری کے کئی درجے والے پروگرام کے ذریعہ تمدنی آزادی اور شہری حقوق کے لیے لڑتی ہے۔ پورے نیو یارک اسٹیٹ میں NYCLU کے آٹھ دفاتر ہیں اور یہ شہری حقوق کی خلاف ورزیوں کے جواب میں قانونی خدمات، معلومات اور وسائل فراہم کرتی ہے۔

**نیو یارک امیگرنٹ کوآلیشن (New York Immigrant Coalition, NYIC)**

**https://www.nyic.org/**

نیو یارک امیگرنٹ کوآلیشن ایک امبریلا پالیسی اور وکالتی تنظیم ہے جو پورے نیو یارک میں 200 سے زائد تارکین وطن اور ریفیوجی کے حقوق والے گروپوں کی نمائندگی کرتی ہے۔ وہ ووٹر آؤٹ ریچ اور تحریک انگیزی میں مشغول ہوتے ہیں، تارکین وطن سے تعلق رکھنے والے امور پر کثیر لسانی معلوماتی مواد پیش کرتے ہیں، قوانین اور پالیسیوں کی وکالت کرتے ہیں اور ترک وطن کے قانون اور تارکین وطن کو متاثر کرنے والے دیگر مسائل پر سالانہ ورکشاپس اور پریزنٹیشنز کا اہتمام کرتے ہیں۔

**پیرنٹ چائلڈ ہوم پروگرام [Parent-Child Home Program (PCHP)]**

**http://www.parent-child.org/**

پیرنٹ چائلڈ ہوم پروگرام کا پروگرام سائٹس کا نیٹ ورک کم آمدنی والے خاندانوں کو یہ یقینی بنانے کے لیے لازمی اہلیتیں اور ٹولز فراہم کرتا ہے کہ ان کے بچے اسکول میں اور زندگی میں اپنی اعلی ترین لیاقت حاصل کریں۔ وہ پورے نیو یارک میں 29 سائٹس پیش کرتے ہیں جو گھر پر ملاقاتوں، تعلیمی وسائل کی تقسیم اور علمی تیاری میں مشغول ہوتی ہیں۔

**پروٹیکٹنگ امیگرنٹ نیو یارکرز (Protecting Immigrant New Yorkers, PINY)**

**https://protectingimmigrants.org/**

پروٹیکٹنگ امیگرنٹ نیو یارکرز نیویارک امیگرنٹ کوآلیشن کے تحت ایک ٹاسک فورس ہے جو ترک وطن سے متعلق خدمات میں فریب سے مقابلہ آرا ہونے کے لیے سرکاری ایجنسیوں اور کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کے درمیان رابطہ پیدا کرتی ہے۔ وہ بہترین طرز عمل کو فروغ دیتے ہیں، بات چیت کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، دھوکہ بازوں کے خلاف نفاذ کی کارروائی میں رابطہ پیدا کرتے ہیں، عوامی بیداری اور مہموں جیسے مواد، اپنے حقوق کو جاننے سے متعلق پرچے اور صارفین کے ساتھ دھوکہ سے متعلق مشاورت نامے تیار کرتے ہیں۔

# اعترافات

ہم اس گائیڈ کی تیاری میں تعاون کرنے والے تمام افراد کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم درج ذیل اداروں کی جانب سے فراہم کردہ تعاون کی ستائش کرتے ہیں:

ایڈووکیٹس فار چلڈرن

❖

ایجوکیشن ٹرسٹ NY

❖

ہسپینک فیڈریشن

❖

نیو یارک امیگریشن کوآلیشن

❖

ریجنل بائی لینگوئل ریسورس نیٹ ورکس (RBERNs)

## دفتر برائے دو لسانی تعلیم اور عالمی لسانیات

**http://www.p12.nysed.gov/biling/bilinged/ OBEWL@NYSED.GOV**